APNS
All Pakistan Newspapers Society
(Registered Under Societies Registration Act XXI of 1860)

ST-1/E, Block No. 16
KDA Scheme No.36
Gulistan-e-Jauhar, Karachi
Ph: 021-34012491-3
Fax: 021-34012495
e-mail: apns@apns.com.pk
website: www.apns.com.pk

سرکولر: اے پی این ایس/20/2021 16 مارچ 2021ء

فل ممبرز کے پبلشرز کے نام،

کووڈ کی تیسری لہر کے پیشِ نظر خصوصی ہدایات

مکرمی جناب،

جیسا کہ آپ کو علم ہے کہ اس سال سالانہ اجلاس عام انتہائی غیر معمولی حالات میں منعقد کیا جارہا ہے۔ ملک کے مختلف حصوں میں کووڈ کی تیسری لہر جاری ہے ان حالات میں ضروری ہے کہ اجلاس عام کے موقع پر خصوصی احتیاطی تدابیر اپنائی جائیں اور اجلاس عام میں صرف وہ فل ممبرز شریک ہوں جو اپنی مطبوعات کی نمائندگی کرتے ہیں اس لیے ضروری ہے کہ مندرجہ ذیل ہدایات پر سختی سے عمل کیا جائے:

1۔ اجلاس میں شرکت کیلئے صرف فل ممبرز تشریف لائیں اور کسی دوسرے شخص کو اپنے ہمراہ نہ لے کر آئیں۔

2۔ جن فل ممبرز نے پراکسی جاری کی ہے اگر وہ خود اجلاس میں شریک ہورہے ہیں تو پراکسی کے حامل فرد کو ساتھ نہ لائیں۔

3۔ اگر کسی اخباری گروپ کے ایک سے زیادہ فل ممبرز ہیں تو ہر اخبار کے پبلشر یا پراکسی کے حامل فرد کو شرکت کی اجازت ہوگی۔

4۔ بیرونِ شہر سے آنے والے اراکین عموماً اپنے مقامی نمائندہ کو بھی ساتھ لاتے ہیں درخواست ہے کہ مقامی نمائندوں کو اجلاس عام میں ساتھ لانے سے گریز فرمائیں۔

سیکرٹریٹ اسٹاف کو خاص ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اے پی این ایس ہاؤس میں فل ممبرز کے علاوہ کسی دوسرے شخص کو داخل نہ ہونے دیں لہٰذا آپ سے درخواست ہے کہ تمام اراکین سیکرٹریٹ اسٹاف کے ساتھ تعاون کریں۔

ہم امید کرتے ہیں کہ حالات کی نزاکت کے پیشِ نظر مندرجہ بالا پر سختی سے عمل کیا جائے گا تا کہ آپ اور آپ کے رفقاء اس موذی بیماری سے محفوظ رہ سکیں۔

شکریہ

آپ کا مخلص

سرمد علی

سیکرٹری جنرل

اے پی این ایس